جہاد کب فرض ہوتا ہے ؟

سوال

مسلمانوں پر جہاد کب فرض ہوتا ہے ؟ جہاد کی کون کون سی شرائط ہیں ؟

جواب

واضح رہے کہ جہاد کا حکم عام حالات میں فرضِ کفایہ کا ہے۔ فرضِ کفایہ اصطلاحِ شرع میں اس فرض کو کہا جاتا ہے جس کا تعلق ہر مسلمان کی ذات سے الگ الگ انفرادی طور پر نہیں ہوتا، بلکہ پوری مسلم قوم سے تعلق ہوتا ہے۔ ایسے فرض کا حکم یہ ہے کہ مسلمانوں میں سے چند افراد بھی اس فرض کو ادا کرلیں تو باقی سب مسلمان اس ذمہ داری سے سبک دوش ہوجاتے ہیں اور اگر کوئی بھی ادا نہ کرے اور جن جن لوگوں کو اطلاع پہنچے اور وہ قدرت کے باوجود ادا نہ کریں تو وہ سب گناہ گار ہوتے ہیں۔

مثال کے طور پر مسلمان میت کی نماز جنازہ اور کفن دفن کا انتظام کرتا ہے کہ یہ فریضہ پوری مسلم قوم کے ذمہ ہے، عزیز قریب اور برادری کے لوگ اگر اس فریضہ کو ادا کریں تو باقی سب مسلمان سبک دوش ہوں گے اور اگر میت کا کوئی ایسا عزیز قریب موجود نہ ہو یا موجود ہوتے ہوئے عاجز ہو یا جان بوجھ کر غفلت کرے تو محلہ کے دوسرے لوگوں کو معلوم ہونے کی صورت میں یہ ذمہ داری ادا کرنا فرض ہوجاتا ہے کہ وہ اس کو انجام دیں، محلہ والے بھی نہ کریں تو شہر کے دوسرے لوگوں پر جن کو اطلاع ہو، یہ فریضہ عائد ہوجائے گا۔ شہر والے بھی نہ کریں تو اس کے متصل دوسرے شہر والوں پر فریضہ عائد ہوگا۔ اسی طرح جہاد کے علاوہ اسلام کے جتنے بھی اجتماعی ذمہ داریاں ہیں وہ سب فرض کفایہ ہیں اور سب کا یہی حکم ہے۔

اور جب کفار مسلمانوں کے کسی ملک یا شہر پر حملہ کر دیں اور نفیر عام ہو تو ایسی صورت میں اس ملک کے سب مسلمانوں پر جہاد کے لیے نکلنا فرض ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد اگر اس ملک کے مسلمان حملہ آوروں کے مقابلہ کے لیے کافی ہوں تو باقی مسلمانوں پر بدستور فرض کفایہ کا ہی حکم رہے گا اور وہ ان مسلمانوں کی وجہ سے اس حکم سے سبک دوش ہو جائیں گے۔ اور اگر اس ملک کے مسلمان ان حملہ آور کفار کے لیے کافی نہ ہوں تو ایسی صورت میں اس ملک کے ساتھ والے ملک یا شہر کے مسلمانوں پر جہاد فرض ہو جاتا ہے اور اگر ساتھ والے پہلے والوں سے مل کر حملہ آوروں کے لیے کافی ہو جائیں تو فبہا، وگرنہ پھر اس کے ساتھ والے ملک کے مسلمانوں پر فرض ہوگا، اسی طرح یہ حکم شرقًا و غربًا، شمالاً و جنوباً پوری دنیا کے مسلمانوں تک چلے گا۔

باقی جہاد کے شرائط میں سے یہ ہے کہ :

1- مسلمانوں کی تعداد اتنی ہو کہ جس سے شان و شوکت پیدا ہو اور دشمنوں سے مقابلہ کرنے کی طاقت ہو۔

2- اسی طرح ایک شرط یہ بھی ہے کہ آدمی مسلمان ہونے کے ساتھ ساتھ 3- عاقل ہو۔ 4- بالغ ہو 5- آزاد ہو۔ 6- مرد ہونے کے ساتھ صحت مند ہو یعنی مریض یا اپاہج نہ ہو۔ 7- ضرورت کے مطابق ساز و سامان اور تیاری ہو اور اس کے استعمال پر قادر ہو۔

الفقہ الاسلامی وادلتہ میں ہے :

’’ شروط الجهاد: يشترط لوجوب الجهاد سبعة شروط : الإسلام، والبلوغ، والعقل، والحرية، والذكورة، والسلامة من الضرر، ووجود النفقة.

فأما الإسلام والبلوغ والعقل فهي شروط لوجوب سائر الفروع الشرعية. وأما الحرية؛ فلأن النبي كان يبايع الحر على الإسلام والجهاد، ويبايع العبد على الإسلام دون الجهاد.

وأما الذكورة فلحديث عائشة عند البخاري وغيره: «قلت: يا رسول الله، نرى الجهاد أفضل الأعمال، أفلا نجاهد؟ فقال: لكن أفضل الجهاد: حج مبرور». وأما السلامة من الضرر أي العمى والعرج والمرض، فلقوله تعالى: {ليس على الأعمى حرج، ولا على الأعرج حرج، ولا على المريض حرج} [النور:61/ 24]. وأما وجود النفقة فلقوله تعالى: {ليس على الضعفاء ولاعلى المرضى، ولا على الذين لا يجدون ما ينفقون حرج إذا نصحوا لله ورسوله} [التوبة:91/ 9] ولأن الجهاد لا يمكن إلا بآلة، فتطلب القدرة عليها. وهذا كان في الماضي، وأما في عصرنا فالدولة تمد المجاهد بالسلاح والنفقة.

(ج۸ص ۵۸۵۱ط : دار الفکر)

فتاوی ھندیہ میں ہے :

’’ (وأما شرط إباحته) فشيئان: أحدهما: امتناع العدو عن قبول ما دعي إليه من الدين الحق، وعدم الأمان والعهد بيننا وبينهم، والثاني أن يرجو الشوكة والقوة لأهل الإسلام باجتهاده أو باجتهاد من يعتقد في اجتهاده ورأيه وإن كان لا يرجو القوة والشوكة للمسلمين في القتال، فإنه لا يحل له القتال لما فيه من إلقاء نفسه في التهلكة‘‘

(ج ۲ ص ۱۸۸ ط : ماجدیہ)

فتاوی شامی میں ہے :

’’ (ولا بد) لفرضيته (من) قيد آخر وهو (الاستطاعة) فلا يخرج المريض الدنف، أما من يقدر على الخروج، دون الدفع ينبغي أن يخرج لتكثير السواد إرهابا فتح. وفي السراج وشرط لوجوبه: القدرة على السلاح لا أمن الطريق، فإن علم أنه إذا حارب قتل وإن لم يحارب أسر لم يلزمه القتال (ويقبل خبر المستنفر ومنادي السلطان ولو) كان كل منهما (فاسقا) ؛ لأنه خبر يشتهر في الحال ذخيرة‘‘

(ج ۴ ص ۱۲۷ ط : سعید)

الجوہر النیرہ میں ہے :

’’ والسير ها هنا هو الجهاد للعدو وهو ركن من أركان الإسلام والأصل في وجوبه قوله تعالى {كتب عليكم القتال وهو كره لكم} [البقرة: 216] أي فرض عليكم القتال وهو شاق عليكم وقوله تعالى {فاقتلوا المشركين حيث وجدتموهم} [التوبة: 5] وقوله تعالى {وقاتلوهم حتى لا تكون فتنة} [الأنفال: 39] أي لا يكون شرك {ويكون الدين كله لله} [الأنفال: 39] قال - رحمه الله - (الجهاد فرض على الكفاية إذا قام به فريق من الناس سقط عن الباقين) يعني إذا كان بذلك الفريق كفاية أما إذا لم يكن بهم كفاية فرض على الأقرب فالأقرب من العدو إلى أن تقع الكفاية قوله (فإن لم يقم به أحد أثم جميع الناس بتركه) لأن الوجوب على الكل إلا أن في اشتغال الكل به قطع مصالح المسلمين من بطلان الزراعة ومنافع المعيشة‘‘

(ص۲۵۷ط : المطبعۃ الخیریۃ۲)

فتاوی شامی میں ہے :

’’ ونقل صاحب النهاية عن الذخيرة أن الجهاد إذا جاء النفير إنما يصير فرض عين على من يقرب من العدو، فأما من وراءهم ببعد من العدو فهو فرض كفاية عليهم، حتى يسعهم تركه إذا لم يحتج إليهم فإن احتيج إليهم بأن عجز من كان يقرب من العدو عن المقاومة مع العدو أو لم يعجزوا عنها، لكنهم تكاسلوا ولم يجاهدوا فإنه يفترض على من يليهم فرض عين كالصلاة والصوم، لا يسعهم تركه ثم وثم إلى أن يفترض على جميع أهل الإسلام شرقا وغربا على هذا التدريج ونظيره الصلاة على الميت، فإن من مات في ناحية من نواحي البلد فعلى جيرانه وأهل محلته أن يقوموا بأسبابه، وليس على من كان ببعد من الميت أن يقوم بذلك، وإن كان الذي ببعد من الميت يعلم أن أهل محلته يضيعون حقوقه أو يعجزون عنه كان عليه أن يقوم بحقوقه كذا هنا اهـ.‘‘

(ج۴ص۱۲۴ط : سعید)

فتاوی ھندیہ میں ہے :

’’ وعامة المشايخ رحمهم الله تعالى قالوا الجهاد فرض على كل حال غير أنه قبل النفير فرض كفاية وبعد النفير فرض عين وهو الصحيح، ومعنى النفير أن يخبر أهل مدينة أن العدو قد جاء يريد أنفسكم وذراريكم وأموالكم فإذا أخبروا على هذا الوجه افترض على كل من قدر على الجهاد من أهل تلك البلدة أن يخرج للجهاد وقبل هذا الخبر كانوا في سعة من أن يخرجوا، ثم بعد مجيء النفير العام لا يفترض الجهاد على جميع أهل الإسلام شرقا وغربا فرض عين وإن بلغهم النفير، وإنما يفرض فرض عين على من كان يقرب من العدو، وهم يقدرون على الجهاد.

أما على من وراءهم ممن يبعد من العدو، فإنه يفترض فرض كفاية لا فرض عين حتى يسعهم تركه، الخ‘‘

(ج ۲ص ۱۸۸ط : ماجدیہ)

مبسوط سرخسی میں ہے :

’’ ثم فريضة الجهاد على نوعين: أحدهما عين على كل من يقوى عليه بقدر طاقته وهو ما إذا كان النفير عاما قال الله تعالى {انفروا خفافا وثقالا} [التوبة: 41] وقال تعالى {ما لكم إذا قيل لكم انفروا في سبيل الله اثاقلتم إلى الأرض} [التوبة: 38] إلى قوله {يعذبكم عذابا أليما} [التوبة: 39] ونوع هو فرض على الكفاية إذا قام به البعض سقط عن الباقين لحصول المقصود وهو كسر شوكة المشركين وإعزاز الدين لأنه لو جعل فرضا في كل وقت على كل أحد عاد على موضوعه بالنقض الخ‘‘

(ج ۱۰ص ۳ط : دارالمعرفۃ – بیروت)

بدائع الصنائع میں ہے :

’’ وأما بيان كيفية فرضية الجهاد، فالأمر فيه لا يخلو من أحد وجهين، إما إن كان النفير عاما (وإما) إن لم يكن فإن لم يكن النفير عاما فهو فرض كفاية، ومعناه: أن يفترض على جميع من هو من أهل الجهاد، لكن إذا قام به البعض سقط عن الباقين۔ ۔ ۔ ۔

هذا إذا لم يكن النفير عاما، فأما إذا عم النفير بأن هجم العدو على بلد، فهو فرض عين يفترض على كل واحد من آحاد المسلمين ممن هو قادر عليه؛ لقوله سبحانه وتعالى {انفروا خفافا وثقالا} [التوبة: 41] قيل: نزلت في النفير‘‘

(ص۹۸ط : دارالکتب العلمیۃ)

فقط واللہ اعلم

فتوی نمبر : 144105201005

دارالافتاء : جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن